# 27-12-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے نے کہا ہے کہ ریاستی حکومت منشیات کے مقدمات کو سنجیدگی سے نہیں لے رہی ہے۔

۲۔کمشنر پولیس حیدرآباد وی سی سجنار نے کہا ہے کہ جرائم پر قابو پانے میں بہتر نتائج حاصل کئے گئے ہیں اور حیدرآباد شہر میں جرائم کی شرح میں 15 فیصد کمی آئی ہے۔

۴۔محبوب نگر کے بنڈامدی پلی میں 83 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کئے جانے والے نئے عدالتوں کی عمارتوں کے کاموں کا ہائی کورٹ کے ججس نے سنگ بنیاد رکھا۔

۴۔وزیر اعظم نریندر مودی کا ریڈیو پروگرام ’’من کی بات‘‘ کل صبح 11 بجے آل انڈیا ریڈیو پر نشر کیا جائے گا۔

PM-MANN KI BAAT

وزیر اعظم نریندر مودی اس مہینہ کی 30 تاریخ کو آکاش وانی کے پروگرام من کی بات کے ذریعہ ملک اور بیرونی ممالک کے عوام سے اپنے خیالات کا تبادلہ کریں گے۔ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا یہ 129 واں ایپی سوڈ رہے گا۔آکاش وانی اور دوردرشن کے تمام نٹ ورکس کے علاوہ اے آئی آر نیوز ویب سائٹ اور نیوز آن ایئر موبائل ایپ پر پروگرام نشر ہوگا۔اس کے علاوہ ایر نیوز، ڈی ڈی نیوز، پی ایم او، اطلاعات ونشریات کے محکمہ ذریعہ یوٹیوپ چینل میں بھی من کی بات پروگرام نشر ہوگا۔ ہندی نشریات کے بعد علاقائی زبانوں میں یہ پروگرام دوبارہ نشر ہوگا۔تمام آکاش وانی حیدرآباد کیندر پر اسی روز رات 8 بجے من کی بات پروگرام تلگو میں دوبارہ نشر ہوگا۔

PONGULETI

وزیر ریونیو وہوزنگ پی سرینواس ریڈی نے کہا ہے کہ این رامچند رریڈی نے کہا ہے کہ ہر سیاسی لیڈر کو این رام چندر ریڈی کے سیاسی انداز اور طرزِ زندگی کو بطور نمونہ اختیار کرنا چاہیے۔انہوں نے آج محبوب آباد میں رام چندر ریڈی کے مجسمہ کی نقاب کشائی کی تقریب میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی اور اس موقع پر خطاب کیا۔

JANGAON-LIVESTOCK-HEALTH

ضلع کلکٹر جنگاوں رضوان باشا شیخ نے کہا کہ زراعت کے ساتھ ساتھ مویشیوں کا تحفظ بھی انتہائی اہم ہے۔انہوں نے بھیڑ بکروں کو پالنے والوں کو ہدایت کی کہ وہ اپنے جانوروں کو پیٹ کے کیڑوں سے بچاؤ کی دوا لازمی پلائیں۔محکمہ حیوانیات کے زیر اہتمام جاری اس مہم کا مقصد گوشت کی پیداوار میں اضافہ، روزگار کے مواقع اور دیہی معیشت کو مستحکم کرنا ہے۔انہوں نے بتایا کہ اب تک ضلع میں 70 کیمپ لگائے جاچکے ہیں۔

DRUNKEN DRIVE

ضلع ایس پی میدک سرینواس راؤ نے بتایا کہ نئے سال کے پیش نظر ضلع بھر میں حالت نشہ میں گاڑیاں چلانے والوں کے خلاف مہم تیز کر دی گئی ہے۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ نئے سال کا جشن مناتے ہوئے تمام احتیاطی تدابیر اختیار کریں اور حادثات سے بچنے کے لئے قوانین کی پاسداری کریں۔

MANJA

جنگاوں ویسٹ زون ڈی سی پی راجامہیندر نائک نے کہا کہ پرندوں اور انسانوں کے لئے خطرناک ثابت ہونے والے چینی مانجہ کو پتنگ بازی کے لئے استعمال کرنے یا فروخت کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔انہوں نے بتایا کہ اس مانجہ کی وجہ سے پرندوں کے پر کٹ رہے ہیں اور انسان شدید زخمی ہو رہے ہیں۔ڈی سی پی نے عوام سے گزارش کی کہ اگر کہیں بھی اس کی فروخت ہو رہی ہو تو پولیس کو اطلاع دیں۔

JUPALLY KRISHNA RAO

ضلع عادل آباد کے انچارج وزیر جوپلی کرشنا راؤ نے کہا کہ حکومت قبائیلیوں کی ہمہ جہت ترقی کے لئے مکمل تعاون فراہم کررہی ہے۔انہوں نے آج منڈل اوٹنور کے کمری کنٹہ میں پولیس کی جانب سے کمبلوں کی تقسیم کی تقریب میں شرکت کی۔اس موقع پرانہوں نے اعلان کیا کہ قبائیلیوں کو ریاست میں ہونے والی ترقی دکھانے کے لئے حیدرآباد کے تعلیمی دورے پر لے جایا جائے گا۔انہوں نے بے گھر افراد کو مکانات اور دیہی علاقوں میں سڑک و بجلی کی فراہمی کا بھی یقین دلایا۔

TET

محکمہ تعلیمات نے آج اساتذہ کی اہلیت کے امتحان (ٹیٹ ) کے ہال ٹکٹ جاری کردیئے ہیں۔امیدوار ٹیٹ کی ویب سائٹ سے اپنے ہال ٹکٹ ڈاؤن لوڈ کرسکتے ہیں۔امتحانات 3 جنوری سے 20 جنوری کے درمیان آن لائن منعقد ہوں گے۔صبح کا سیشن 9 بجے سے 11.30 بجے تک اور دوپہر کا سیشن 2 بجے سے 4.30 بجے تک ہوگا۔پیپر ون اور ٹو کیلئے مجموعی طور پر 2.37 لاکھ امیدواروں نے درخواست دی ہے۔

SANDHYA THEATRE

حیدرآباد کے آرٹی سی کراس روڈ پر واقع سندھیا تھیٹر کے پاس گزشتہ سال پیش آئے بھگدڑ کے واقعہ میں پولیس نے چارج شیٹ داخل کردی ہے۔اس کیس میں جملہ 23 افراد کو ملزم بنایا گیا ہے۔چکڑ پلی پولیس نے اس واقعہ کی مکمل تحقیقات کے بعد عدالت میں اپنی رپورٹ پیش کی ہے۔

HARISH RAO

سابق وزیر اور بی آر ایس کے رکن اسمبلی ہریش راؤ نے الزام لگایا ہے کہ ریاستی حکومت سنگارینی میں زیرِ کفالت (ڈیپنڈنٹ ) ملازمین کے معاملہ کو مسلسل نظرانداز کررہی ہے۔حیدرآباد میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سنگارینی کے تمام ملازمین میں سے نصف تعداد زیرِ کفالت ملازمین کی ہے۔ہریش راؤ نے کانگریس حکومت پر تنقید کرتے ہوئے سوال کیا کہ اقتدار میں آنے کے بعد میڈیکل بورڈ قائم کرنے کا جو وعدہ کیا گیا تھا، اس کا کیا ہوا؟ انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت فوری طور پر اپنے وعدے پورے کرے اور ملازمین کے مسائل حل کرے۔

Journos Protest

صحافیوں کی ایکریڈیٹیشن سے متعلق ریاستی حکومت کی جانب سے جاری کئے گئے نئے جی او 252 میں ترمیم کا مطالبہ کرتے ہوئے نلگنڈہ ضلع کلکٹریٹ کے سامنے صحافیوں نے احتجاج کیا۔اس احتجاج میں بڑی تعداد میں صحافیوں نے شرکت کی۔تمام اہل صحافیوں کو ایکریڈیٹیشن فراہم کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے صحافیوں نے ضلع کلکٹر ایلا تری پاٹھی کو ایک یادداشت پیش کی۔

Sex determination

منچریال ضلع کی محکمہ صحت وطبابت کی عہدیدار ڈاکٹر انیتا نے کہا ہے کہ اسکیننگ مراکز کے منتظمین کی جانب سے جنس کی شناخت کرنا ایک قابلِ سزا جرم ہے۔وہ جنس کی شناختی ٹسٹوں اور پی سی پی این ڈی ٹی ایکٹ سے متعلق منعقدہ ضلع مشاورتی کمیٹی کے اجلاس میں شریک تھیں۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ ضلع میں عام اور سوپر اسپیشلٹی ڈاکٹروں کی جانب سے کی جانے والی اسکیننگ کی تفصیلات محکمہ صحت کے دفتر کو فراہم کی جائیں۔

Kavitha

تلنگانہ جاگروتی کی صدر کے کویتا نے تنقید کی ہے کہ بی آر ایس حکومت نے کالیشورم پراجکٹ پر جتنی توجہ دی، اتنی پالمور رنگا ریڈی لفٹ اریگیشن پراجکٹ پر نہیں دی۔تلنگانہ جاگروتی جنم باٹا پروگرام کے تحت انہوں نے ناگر کرنول ضلع کے وٹین پمپ ہاؤس کا معائنہ کیا۔انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کی سیاست کرپشن اور توجہ منتشر کرنے پر مبنی ہے۔کویتا نے مطالبہ کیا کہ ناگر کرنول کے لئے ریلوے لائن کے قیام میں رکن پارلیمنٹ کو پہل کرنی چاہیے۔انہوں نے الزام عائد کیا کہ دریائے کرشنا کے پانی کی تقسیم میں تلنگانہ کے ساتھ ناانصافی کی گئی ہے۔

Minority Affairs

جنگاؤں ضلع اقلیتی بہبود کے عہدیدار وکرم کمار نے بتایا کہ وزیر اعلیٰ کی بیرونِ ملک تعلیمی امدادی اسکیم کے لئے اقلیتی طبقات سے تعلق رکھنے والے اہل طلبہ سے درخواستیں طلب کی جارہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ اہل امیدوار آئندہ ماہ کی 19 تاریخ کو شام 5 بجے تک تلنگانہ ای پاس ویب سائٹ پر درخواست داخل کر سکتے ہیں۔

TAX REFORMS

سال 2025 ہندوستان کے ترقیاتی سفر میں ایک اہم اور فیصلہ کن باب کے طور پر سامنے آیا ہے۔اس سال پالیسیوں نے عملی شکل اختیار کی۔خصوصی سلسلہ ایئر آف ریفارمس کے تحت آج ہمارے نمائندے 2025 میں ٹیکسیشن کے شعبہ میں ہندوستان کی پیشرفت پر رپورٹ پیش کررہے ہیں۔

ہندوستان کی ٹیکس تاریخ ریاست اورشہریوں کے درمیان بدلتے ہوئے تعلقات کی عکاسی کرتی ہے۔ 1930 میں مہاتما گاندھی کی جانب سے چیلنج کئے گئے ظالمانہ نمک ٹیکس سے لے کر 1970 کی دہائی میں انکم ٹیکس کی شرح کے 97.5 فیصد تک پہنچنے تک، حد سے زیادہ ٹیکس عائد کئے جانے کے باعث بداعتمادی، خوف پر مبنی تعمیل اور بڑے پیمانہ پر ٹیکس چوری کو فروغ ملا۔

گزشتہ 8 برسوں کے دوران وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں شروع کی گئی ٹیکس اصلاحات، جنہیں 2025 میں فیصلہ کن انداز میں آگے بڑھایا گیا، اس پرانی روایت سے واضح انحراف کی علامت ہیں۔ اس تبدیلی کا مرکزی ستون نئی نسل کی جی ایس ٹی اصلاحات ہیں۔اگرچہ 2017 میں جی ایس ٹی کے نفاذ نے ہندوستان کو ایک واحد منڈی میں تبدیل کردیا تھا، تاہم کئی سلیبس، درجہ بندی کے تنازعات اور تعمیلی پیچیدگیاں برقرار تھیں۔اس سال اس نظام کو دو بنیادی سلیبس، 5 فیصد اور 18 فیصد، تک محدود کردیا گیا، جس کے ساتھ درجہ بندی کو واضح، رجسٹریشن کو آسان اور تعمیل کے عمل کو سادہ بنایا گیا۔

Sound Byte Modi

ان اصلاحات کے اثرات کھپت اور محصولات کے رجحانات میں واضح طور پر نظر آئے ہیں۔ ہندوستان میں دیوالی کے موقع پر اب تک کی سب سے زیادہ، 6 کھرب روپے سے زائد کی فروخت ریکارڈ کی گئی، نورتری کے دوران زیادہ طلب دیکھنے میں آئی اور اکتوبر میں آٹوموبائل فروخت نے نئے ریکارڈ قائم کیے۔ جی ایس ٹی میں کٹوتیوں اور انکم ٹیکس میں راحت کے باعث گھریلو صارفین کو سالانہ تقریباً ڈھائی لاکھ کروڑ روپے کی بچت ہونے کی توقع ہے۔ انشورنس پریمیم پر اب صفر جی ایس ٹی عائد ہے، جبکہ روزمرہ استعمال کی اشیا اور صارفین کی مصنوعات مزید سستی ہوگئی ہیں۔ انکم ٹیکس اصلاحات کے ذریعہ متوسط طبقہ کو بڑی راحت ملی ہے، جہاں ٹیکس چھوٹ کی حد 2014 میں دو لاکھ روپے سے بڑھ کر اس سال 12 لاکھ روپے تک پہنچ گئی ہے۔

CPM

سی پی ایم کے ریاستی سکریٹری جان ویزلی نے آج سرسلہ میں حکومت سے مطالبہ کیا کہ اسمبلی کے سرمائی اجلاس کے دوران دیہی ترقی کیلئے خصوصی فنڈس کی فراہمی پر بنیادی طور پر بحث کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کی جانب سے بڑے پنچایتوں کو 10 لاکھ روپے اور چھوٹی پنچایتوں کو 5 لاکھ روپے فراہم کرنے کے وعدے کو پورا کیا جائے۔

Bandi Sanjay

مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے نے اظہارِ ناراضگی کرتے ہوئے کہا ہے کہ ریاستی حکومت منشیات کے مقدمات کو سنجیدگی سے نہیں لے رہی ہے۔ انہوں نے ایک بیان میں سوال اٹھایا کہ سابقہ حکومت کے دور میں اکن سبھر وال کی قیادت میں کی گئی منشیات کیس کی جانچ رپورٹ پر موجودہ کانگریس حکومت کیوں کوئی کارروائی نہیں کر رہی ہے۔

Tummala

وزیر زراعت ٹی ناگیشور راؤ نے آج بھدرادری کوتہ گوڑم ضلع کے دماپیٹ منڈل کے پوسنٹ گاؤں میں کئی ترقیاتی کاموں کا افتتاح کیا۔اس موقع پر منعقدہ جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت کسانوں کی فلاح و بہبود اور دیہی ترقی کو اولین ترجیح دے رہی ہے۔ Sound Byte

Sajjanar

حیدرآباد سٹی پولیس کمشنر وی سی سجنار نے کہا ہے کہ جرائم پر قابو پانے کے میدان میں نمایاں نتائج حاصل کئے گئے ہیں۔انہوں نے بتایا کہ آپریشن کووچ اور ڈرون کے موثر استعمال میں ریاستی پولیس ملک میں سب سے آگے ہے۔آج انہوں نے سال 2025 کی سالانہ رپورٹ جاری کی۔انہوں نے کہا کہ سائبر جرائم کے سلسلہ میں عوام میں بڑے پیمانہ پر بیداری پیدا کی جارہی ہے اور اسی کے نتیجہ میں رواں سال حیدرآباد شہر میں مجموعی جرائم میں 15 فیصد کمی درج کی گئی ہے۔سائبر جرائم میں 8 فیصد اور خواتین کے خلاف جرائم میں 6 فیصد کمی آئی ہے۔وی سی سجنار نے عوام سے اپیل کی کہ سائبر جرائم کے معاملہ میں مزید محتاط رہیں۔انہوں نے مزید بتایا کہ منشیات پر قابو پانے کیلئے اضافی ٹیمیں تشکیل دی جارہی ہیں۔

Mahabubnagar Court

محبوب نگر کے بنڈامدی پلی میں 10 ایکڑ اراضی پر 83 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کئے جانے والی نئی عدالتی عمارتوں کے کاموں کا آغاز ہائی کورٹ کے ججس جسٹس این وی شراون کمار، جسٹس لکشمن، جسٹس وجے سین ریڈی، جسٹس ٹی مادھوی دیوی اور جسٹس نرسنگ راؤ نے سنگ بنیاد کے ذریعہ کیا۔اس موقع پر ہائی کورٹ کے جج اور ضلع انتظامیہ کے انچارج جسٹس این وی شراون کمار نے کہا کہ زیرِ تعمیر نئے کورٹ کامپلکس میں دیوانی، فوجداری، خاندانی اور خصوصی نوعیت کے تمام مقدمات کی سماعت کرنے والی عدالتیں ایک ہی جگہ دستیاب ہوں گی، جس سے فریقین کو سہولت حاصل ہوگی۔

OO